جواب: دوا کے طور پر اطریفل اسغونہ دوا آدھا آدھا چمچ صبح و شام لیں۔ بالوں کے گرنے اور خشکی کے لیے یہ نسخہ استعمال کریں۔ روغن بادام 50 ملی لٹر، روغن زیتون 50 ملی لٹر، کہربا آئل 50 ملی لٹر، روغن کاہو 20 ملی لٹر، روغن نیم 20 ملی لٹر ملا کر تیل بنالیں اور بالوں میں لگائیں۔

سوال: میرے پاؤں اور ہاتھوں کی انگلیوں کے جوڑ سوج گئے ہیں جن میں کافی درد بھی ہوتا ہے۔ اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے، کوئی علاج بتا دیں؟ (طاہر یوسف۔ لاہور)

جواب: آپ اپنا یوریک ایسڈ ٹیسٹ کروائیں کیوں کہ اس کے بڑھنے سے یہ مسئلہ ہو سکتا ہے۔ دوا کے طور پر زیتون سدھا نجان آدھا چائے کا چمچ اور شربت بزوری معتدل ایک کھانے کا چمچ صبح و شام لیں۔

سوال: میں ہلکی سی چیز بھی اٹھا لوں تو کمر میں درد شروع ہو جاتا ہے۔ کوئی ایسی دوا بتائیں جس سے یہ درد دور ہو جائے۔ (کنیز بی بی۔ کراچی)

جواب: ہفتے کے پیچ صاف کر کے پسوا لیں۔ روزانہ دن میں ایک مرتبہ دو کھانے کے چمچ پیچ کا سفوف دودھ میں پکا کر کھائیں۔

سوال: میں 2 سال کے دوران تین دانت نکلوا چکا ہوں۔ باقی دانت بھی خراب ہونے جا رہے ہیں۔ بہت پریشان ہوں۔ کوئی علاج بتائیے۔ (ادیس انجم۔ جھنگ)

جواب: کف دریا 50 گرام، پوست ببول (گیکر) 50 گرام، مازو 25 گرام، گلاب خشک 25 گرام، رنگ 10 گرام، پھٹکری 5 گرام، عاقر قرحا 10 گرام باریک پیس کر پیچ میں استعمال کریں۔

سوال: مجھے کیبوز پر درد زدہ 9 گھنٹے مسلسل کام کرنا پڑتا ہے۔ نظر کی عینک [illegible] ہوتی ہوئی [illegible] بڑھتا جا رہا ہے۔ (فاطمہ اسد۔ لاہور)

جواب: [illegible] سارا [illegible] صبح و شام استعمال کریں۔

سوال: میری عمر 65 سال ہے۔ میرا بلڈ پریشر اچانک ہائی ہو جاتا ہے، چکر آنے لگتے ہیں اور آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ (اکرم خان۔ خیبر)

جواب: دواقرص فشار ایک ایک گولی صبح و شام آدھا کپ عرق گلاب کے ساتھ استعمال کریں۔

سوال: میرا وزن دن بدن کم ہوتا جا رہا ہے جب کہ میں کھانا ٹھیک کھاتی ہوں، دودھ اور پھلوں کا استعمال کرتی ہوں اور خام نیند بھی ٹھیک لیتی ہوں۔ (کرن ایاز۔ پنجاب)

جواب: حب کبد نوشادری ایک ایک گولی اور خمیرہ مروارید آدھا آدھا چمچ صبح و شام استعمال کریں۔

سوال: گرمیوں میں میرے جسم میں پانی کی کمی ہو جاتی ہے۔ اس کا کوئی حل بتا دیں؟ (نبیلہ نعیم۔ فیصل آباد)

جواب: گرمیوں میں تربوز کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں تاکہ جسم میں پانی کی کمی نہ ہونے پائے۔ دودھ کی لسی دن میں دو تین مرتبہ پی لیں۔ گرمیوں کے پھل جن میں تربوز، خربوز، فالسہ اور کھیرا شامل ہیں، ضرور کھائیں۔ اس کے علاوہ سکنجبین لیموں ایک چائے کا چمچ ایک گلاس پانی میں ملا کر صبح و شام پئیں۔

سوال: میرے ٹانگیں بہت کمزور ہیں، تھوڑے سے بڑھتے ہیں تو ٹوٹ جاتی ہیں۔ (ساحر شعیب۔ راولپنڈی)

جواب: خمیرہ مروارید بڑا آدھا کھانے کا چمچ روزانہ استعمال کریں۔

سوال: جب سو کر اٹھتی ہوں تو میری گردن اکڑ جاتی ہے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ (جاسر اختر۔ جھنگ)

جواب: سوتے وقت گردن کے نیچے تکیے کی پوزیشن درست نہ ہونے پٹھے اکڑ جاتے ہیں۔ اصول طور پر تکیہ کندھے سے شروع ہونا چاہیے تاکہ گردن کو ٹیک ملے۔ آپ گرم پانی کی بوتل گردن کے نیچے رکھ کر سوئیں تاکہ مساج ہو۔

سوال: مجھے اکثر آدھے سر کا درد رہتا ہے۔ پلیز کوئی علاج تجویز کر دیں۔ (آمنہ صدیقی۔ سرگودھا)

جواب: آدھے سر کا درد بائی گرین کی خرابی ہے۔ سر درد کی وجہ بھوکا رہنا، نیند پوری نہ ہونا اور ذہنی تناؤ بھی ہو سکتا ہے۔ دماغی قوت بڑھانے کے لیے مجون خلاصہ بالا شربت دو دو چمچ کھائیں۔

سوال: کیا سبز چائے نقصان دہ ہے؟ (خالد احمد۔ میرپور)

جواب: ہرگز نہیں بلکہ سبز چائے کا استعمال دل کے مریضوں کے لیے بہت اچھا ہے۔ یہ چکنائی کم کرنے کے ساتھ جسم میں کیلوریز کا باعث بنتی ہے لہٰذا فربہ افراد اسے ضرور استعمال کریں۔

سوال: میری عمر 28 سال ہے۔ میرے بال بہت تیزی سے گر رہے ہیں، کوئی علاج بتا دیں؟ (سارہ عذیر۔ لاہور)

جواب: روغن بادام 50 ملی لٹر، روغن زیتون 50 ملی لٹر، کہربا آئل 50 ملی لٹر، روغن کاہو 20 ملی لٹر، روغن نیم 20 ملی لٹر ملا کر سر پر لگائیں۔ بال لمبے، گھنے اور خشکی ختم ہو جائے گی۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY
www.paksociety.com
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

عید الفطر

خوشیوں بھرا تہوار

رمضان المبارک اللہ تعالیٰ کا مہینا ہے۔ یہی وہ ہے کہ وہ اس ماہ مقدس میں روزے اور دیگر عبادات قبول اپنے اطاعت گزار بندوں کے لیے شوال کی پہلی تاریخ کو "عید الفطر" [illegible] جو کہ ہر پہلو سے شکر، احسان اور خوشی کا دن ہے۔ اللہ تعالیٰ نے عید کے تہوار کو خوشی کا دن [illegible] مسلم امہ عید الفطر مناتی ہے۔ اس تہوار کو بھرپور انداز میں منانے کے لیے عید سعید کی آمد سے بہت پہلے تیاریوں کا آغاز ہو جاتا ہے خصوصاً چاند رات نزدیک آتے ہی خواتین زور و شور سے عید کی تیاریوں میں مگن ہو جاتی ہیں۔

رنگ برنگے ملبوسات کے ساتھ ہم رنگ چوڑیاں خریدنا اور مہندی لگوانا خواتین کے بناؤ سنگھار کا اہم جزو ہے

چاند رات

چاند رات کو خاص طور سے خواتین اور بچوں کی شاپنگ عروج پر ہوتی ہے۔ رنگ برنگے ملبوسات کے ساتھ ہم رنگ چوڑیاں خریدنا اور مہندی لگوانا خواتین کے بناؤ سنگھار کا اہم جزو ہے اور یہ کام بھی عموماً چاند رات کے لیے مخصوص رہتا ہے لہٰذا خواتین کی ایک بڑی تعداد مہندی کے اسٹالز پر مہندی لگوانی نظر آتی ہے۔ دوسری طرف بیوٹی پارلرز میں ایکسپرٹس سے خوبصورت اور نفیس مہندی کے ڈیزائنز بنوانے کا شوق رکھنے والی خواتین کا رش دیدنی ہوتا ہے۔ مہندی کے مہکتے رنگوں کے علاوہ کھنکتی ہوئی رنگ برنگی چوڑیاں بھی چاند رات کے حسن کو چار چاند لگا دیتی ہیں۔ چوڑیوں کا رنگ شخصیت پر بھی گہرا اثر رکھتا ہے لہٰذا عید کے موقع پر لڑکیاں خود کو مزید جاذب نظر اور پرکشش بنانے کے لیے بڑے چاؤ سے چوڑیاں پہنتی ہیں۔ عید گفٹ کے طور پر بھی زیادہ تر چوڑیاں ہی دی جاتی ہیں۔

ملبوسات

خواتین کی خواہش ہوتی ہے کہ ان کا لباس سب سے منفرد اور خوبصورت دکھائی دے۔ گو کہ چند سالوں سے عید چونکہ موسم گرما میں آتی ہے تو موسم کے مزاج کو مدنظر رکھتے ہوئے مارکیٹ میں لان، کاٹن وغیرہ میں اتنی ورائٹی دستیاب ہے کہ آپ بڑی آسانی سے اسی سیزن سے عید کے ملبوسات تیار کر سکتی ہیں۔ ہلکا دوپٹہ اور انڈر اسکرٹ اور گلے والی شرٹس کا استعمال پہناوے کی دلکشی کو چار چاند لگا دیتا ہے۔

ان کے سوٹ کے ساتھ شلوار کا ڈوپٹہ اور باڈی لباس کو مزید شاندار بنا دیتے ہیں۔ بعض خواتین دیسی میڈ لباس پہننا پسند کرتی ہیں ان کے لیے بھی خوبصورت ملبوسات مارکیٹ میں دستیاب ہیں۔

ملبوسات کے ضمن میں ڈیزائنر حضرات خواتین کے لیے خاصے معاون ثابت ہوتے ہیں اور نت نئے ڈیزائن اور پرنٹس متعارف کروانے ہیں جن پر خواتین کو مزید محنت نہیں کرنا پڑتی۔

جیولری

سونے چاندی کے زیورات کے بجائے آج کل آرٹی فیشل

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | f PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com
www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1
PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

جیولری زیادہ مقبول ہے۔ جیولری کے بغیر عید کی تیاریاں نامکمل رہتی ہیں۔ جیولری کے انتخاب میں بھی موسم کو مدنظر رکھتے ہوئے ہلکی پھلکی جیولری خریدیں۔ جیولری لباس سے ہم آہنگ بھی ہونی چاہیے۔ آج کل ہلکے پھلکے ایئر رنگز، چوڑیاں اور مالائیں مارکیٹ میں دستیاب ہیں جنھیں عید کے موقع پر بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ لباس سے ہم آہنگ ہوں تو یہ زیورات حقیقی معنوں میں آپ کی شخصیت میں دلکشی کا سبب بنیں گے۔

عید ٹرالی

عید کا دن جہاں سب کے لیے خوشیوں کی نوید ہے وہیں خواتین کی ذمہ داریوں میں اضافہ کا پیغام بھی ہے۔ یہ بات ہمیشہ مدنظر رکھیں کہ عید سے آپ اسی صورت میں بھرپور لطف اٹھا سکتی ہیں جب ہر کام وقت پر اور خوش اسلوبی سے انجام پا جائے۔ عید کے دن مہمانوں کا آنا جانا لگا رہتا ہے لہٰذا ان کی خاطر تواضع کے لیے کوئی ایسا ذائقہ دار پکوان ضرور بنالیں جس کو ایک ہی بار تیار کر کے رکھا جاسکے اور مہمانوں کے سامنے فوراً پیش کر دیا جائے جیسے کہ دہی بڑے، چاٹ، کباب اور کٹلس وغیرہ۔ عید نرالی میں سویوں کے ساتھ ان لوازمات میں رد و بدل کر کے مہمانوں کی تواضع کرتے رہیں۔ عید کے دن مہمان نوازی کے لوازمات میں سویوں کا زردہ اور شیر خرما ضرور شامل کریں۔

کوشش کریں کہ عید کے دن باہمی مشورے سے ایسے پروگرام ترتیب دیں جس میں سب شامل ہوسکیں اور اہل خانہ میں کسی قسم کا اختلاف پیدا نہ ہو تاکہ عید کی خوشیوں سے بھرپور طریقے سے لطف اندوز ہوا جاسکے۔

اگر کوئی دوست یا عزیز آپ سے ناراض ہے تو اسے ضرور منالیں۔ عید کا دن پرانی رنجشوں اور کدورتوں کے خاتمے کا بہترین موقع ہے۔

میک اپ

میک اپ کے بغیر عید کی تمام تر تیاری ادھوری رہ جاتی ہے لیکن ایسے موسم میں کہ جب گرمی عروج پر ہو اور آپ کچن میں کھانا بنانے میں مصروف ہوں تو میک اپ کا کیا حال ہوگا۔ اس مسئلے کا آسان حل تو یہ ہے کہ واٹر پروف اور ہلکی کوالٹی کا میک اپ کریں تاکہ پسینے کی وجہ سے خراب نہ ہو۔ کوشش کریں کہ تمام تر کاموں سے فارغ ہو کر میک اپ کریں۔

موسم کی مناسبت سے ہلکے آئی شیڈز اور بلش آن استعمال کریں۔ فاؤنڈیشن کا استعمال جلد کی رنگت کے مطابق کریں۔ بالوں کا اسٹائل ایسا بنائیں کہ گرمی میں اضافے کا باعث نہ بنیں۔ فرنچ نیٹ، جوڑا، بیک کومبڈ جیسے ہیئر اسٹائل ہوسکتے ہیں۔ نیل کلر کا انتخاب اپنے لباس کے مطابق کریں۔ اگر گرمی میں میک اپ سے پریشانی ہوتی ہے تو ہلکی سی فاؤنڈیشن لگا کر لپ اسٹک اور آئی لائنر لگانا ہی کافی ہے۔ پرفیوم کا استعمال ضرور کریں۔ تاہم اس کی خوشبو فینسی، ہلکی اور بھلی معلوم ہونی چاہیے تاکہ دوسروں کے لیے دردسر نہ بنے۔

عید کی تیاری

عید کا دن بھرپور انداز میں گزارنے کے لیے بہتر ہے کہ پہلے ہی تمام کاموں کی ایک فہرست تیار کرلیں اور پھر اس کے مطابق کام مکمل کریں۔ کچن آئٹمز مثلاً چکن، گوشت، سبزی، چاول، مصالحہ جات وغیرہ جات وغیرہ کی خریداری پہلے کرلیں تاکہ تمام چیزوں کو دھو کر صاف کر کے محفوظ کرلیا جائے۔ سویٹ ڈشز میں استعمال ہونے والے میوے کاٹ کر ڈبوں میں بند کر کے رکھ لیں۔ عید کے کپڑے [illegible] بھی خرید لیں اور سب سے اہم یہ کہ عید کے کپڑے [illegible] دیکھ لیں کہ کسی کی پیمائش یا تبدیلی کی ضرورت تو نہیں اور پھر استری [illegible] رکھ دیں گویا جس حد تک ممکن ہوسکے کام چاند رات سے پہلے [illegible] عید کے دن کی بھی ذہنی منصوبہ بندی کرلیں [illegible] لطف [illegible] وقت کی [illegible] کرنا بہت ضروری [illegible] مصروفیت کے بعد آپ کی اگلی مصروفیت کیا ہوگی، اسی طرح نہ صرف عید کے [illegible] پر صرف ہونے والا وقت بچے گا بلکہ آپ کام کی زیادتی کے باعث [illegible] جھنجلاہٹ اور غصے سے محفوظ رہ کر خوش [illegible] گزار سکیں گی۔

عید کا دن

عید کی حقیقی خوشی پانے کے لیے گھر کا ماحول خوشگوار رکھنا بہت ضروری ہے اور یہ اس صورت میں ممکن ہے کہ جب تمام اہل خانہ ایک دوسرے کی خوشیوں کا نہ صرف احترام کریں بلکہ خود ان میں شریک بھی ہوں۔ دوستوں اور عزیزوں کے ساتھ عید ضرور منائیں لیکن اپنے اہل خانہ کو ترجیح دیں اور ان کے ساتھ زیادہ وقت گزاریں۔ اگر آپ کے گھر میں بزرگ موجود ہیں تو سب سے پہلے انھیں سلام اور عید مبارک کہہ کر اہمیت دیں۔

> دوستوں اور عزیزوں کے ساتھ عید ضرور منائیں لیکن اپنے اہل خانہ کو ترجیح دیں۔

عید کا پورا دن مہمانوں کی آمد و رفت جاری رہتی ہے لہٰذا ان کی خاطر داری کا انتظام صبح ہی کر لیں کہ یہ بہتر ہوگا۔

بچوں کی عید

عید کے موقع پر بچے بھی بہت پرجوش اور خوش دکھائی دیتے ہیں۔ رنگ برنگے ملبوسات میں چہکتے دمکتے بچے ہر کسی سے عیدی کی فرمائش کرتے ہیں۔ اس ضمن میں یہ بات یاد رکھیں کہ بچوں کو ان کی ضرورت کے مطابق عیدی دیں اور باہر سے چیزیں لے کر کھانے سے بھی منع کریں۔ پرانے کپڑوں پر بچوں کو [illegible] دیں۔ بچوں کو خود شیئرنگ داروں اور تفریحی مقامات پر لے کر جائیں اور عید کی خوشیوں [illegible] کا ساتھ دیں۔ عید کے [illegible] صدقہ، خیرات وغیرہ [illegible] کریں بچوں کو ان میں شامل رکھیں تاکہ ان میں دوسروں کی مدد کا جذبہ پیدا ہو۔

Digest.pk

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

میٹھے میں کیا ہے؟

Desserts

کھانے کا مزہ میٹھے کے بغیر نامکمل ہے۔ خاص طور پر خوشی کے مواقع اور تہواروں پر میٹھا کھانا ناگزیر ہے۔ عید الفطر بھی ایسا ہی ایک تہوار ہے جب سویاں، فرنی، شیر خورمہ، کھیر اور طرح طرح کے لذیذ میٹھے پکوان تیار کیے جاتے اور بانٹے جاتے ہیں۔ یہ میٹھا پھل، پڈنگ، کیک، آئس کریم یا کسی بھی شکل میں ہو سکتا ہے۔ کھانے کے بعد میٹھا کھانا مفید نتائج کا حامل ہے اس لیے یہ سنت نبوی ﷺ بھی ہے۔

قدیم تہذیبوں کے لوگ میٹھے کے طور پر پھل کھایا کرتے تھے۔ اس میں جدت یوں پیدا ہوئی کہ پھلوں اور ذرائع شہد کے ساتھ شہد بھی پیش کیا جانے لگا۔ چینی کی مدد سے ڈیزرٹس اور سویٹ ڈشز کی اقسام میں بھی وسعت پیدا ہوئی۔ آہستہ آہستہ پیسٹریز، کیک، آئس کریم اور کئی طرح کی پڈنگز بھی مقبول ہونے لگیں۔ کوکیز سے کپ کیکس تک ڈیزرٹس کی کئی اقسام متعارف ہوتی رہیں۔ قدیم وقتوں سے لے کر اب تک کون کون سے ڈیزرٹس متعارف ہوتے رہے، آیئے جانتے ہیں۔

بسکٹ اور کوکیز

بسکٹ اور کوکیز کی تاریخ خاصی پرانی ہے۔ قدیم زمانے میں بسکٹ زیادہ تر عام ڈبل روٹی کی طرح ہوتے تھے جنھیں طویل سفر کے دوران بھوک مٹانے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ روایتی بسکٹ یا کوکیز پہلے پہل گندم، خشک میوہ جات، شہد اور پانی ملا کر بنائے جاتے تھے۔ بسکٹ کی موجودہ شکل کچھ زیادہ پرانی نہیں۔ آج کل کے دور میں چاکلیٹ چپ کوکیز دو جو کے آٹے کے بنے ہوئے بسکٹ بنائے اور پسند کیے جاتے ہیں۔ مہمانوں کی تواضع کے لیے چائے کے ساتھ کوکیز کا استعمال ناگزیر ہے۔

آئس کریم

آئس کریم بچوں اور بڑوں سب کا پسندیدہ ڈیزرٹ ہے۔ ابتدا میں آئس کریم قلفی (Ice Pops) کی شکل میں ہوتی تھی۔ اس زمانے میں چینک، ریفریجریٹر نہیں ہوتے تھے تو آئس کریم بنانا کافی مشکل کام تھا۔ ریفریجریٹر کے موجود نہ ہونے کے باعث زیادہ مقدار میں برف اور ایسے برتن چاہیے ہوتے تھے جن کے اندر ہوا اور نمی داخل نہ ہو سکے۔ آئس کریم کے آمیزوں کو ملانے اور سیٹ کرنے میں کئی کئی گھنٹے لگ جاتے تھے۔ ہم وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اب نہ جانے کتنی اقسام [illegible] کی آئس کریم پوری دنیا میں دستیاب ہے۔

موجودہ قلفی (Ice Pops) کی ابتدا بیسویں صدی میں ایک [illegible] سالہ بچے فرینک ایپرسن (Frank Epperson) [illegible] ہوئی۔ ایک سرد رات میں سوڈا واٹر کے گلاس میں ایک [illegible] پھول [illegible] آج آئس کریم دیکھا۔ [illegible] ایک [illegible] ساتھ زیادہ مزیدار ہے۔ یہ جان کر آپ کو حیرت [illegible] کہ بچے نے تقریباً بیس سال تک قلفی بنانے کی [illegible] کو خفیہ [illegible] کے بعد باقاعدہ مارکیٹنگ تحقیق کے ساتھ آئس [illegible] کی [illegible] آج پاکستان میں [illegible] ڈیزرٹ [illegible] قلفیاں، آئس لولیز اور آئس کریم [illegible] ہے۔ آئس کریم کا جدید متبادل فروزن یوگرٹ بھی ہے۔

کیک

آج کل خوشی کے مواقع اور تہواروں پر مٹھائیوں کے ساتھ ساتھ کیک پیش کرنے کا رواج بھی خاصا مقبول ہو چکا ہے۔ ابتدا میں کیک بریڈ کی طرح کے ہوتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض ممالک میں اسے sweet baked bread کے نام سے بھی جانا جاتا رہا ہے۔ کیک شہد، انڈے اور فروٹس ڈال کر تیار کی جاتی تھی۔ بیسویں صدی میں جو کیک تیار کیے گئے وہ حاضر کے کیک ان سے خاصے ملتے جلتے ہیں۔ کسی زمانے میں کیک کا استعمال محض سالگرہ وغیرہ جیسی تقریبات تک ہی محدود تھا لیکن اب مٹھائیوں کے ساتھ ساتھ کیک بھی عید کے دسترخوان کا لازمی جزو بن گیا ہے۔ حتیٰ کہ اگر کسی کے گھر جانا ہو تو بھی کیک ہی کا تحفہ پیش کیا جاتا ہے۔ کیکس کی تیاری میں مختلف قسم کے فیروز اور شاندار پیکنگ دعوت کی شان بڑھا دیتے ہیں۔

حلوا جات

مشرقی ممالک میں مارکیٹ میں دستیاب ڈیزرٹس کے ساتھ ساتھ گھر میں تیار کردہ روایتی میٹھے پکوان بھی شوق سے کھائے جاتے ہیں۔ خصوصی تہواروں پر حلوا، کھیر، جلیبیاں اور طرح طرح کی مٹھائیاں دسترخوان کی [illegible] بڑھائے رکھتی ہیں۔ یہ میٹھے پکوان بھی اپنی تراکیب کی کئی دلچسپ کہانیاں لیے ہوئے ہیں۔ زمانہ قدیم سے لے کر اب تک ان میٹھے پکوانوں کی اہمیت مسلم ہے۔

کپ کیکس

کپ کیکس انیسویں صدی کے آخر میں متعارف ہوئے۔ ابتدا میں یہ اتنے مقبول نہیں تھے کیوں کہ اس وقت مفن ٹرے وجود میں نہیں آئی تھی، لہٰذا انھیں چھوٹے چھوٹے برتنوں میں بیک کیا اور بغیر کسی ڈیکوریشن کے پیش کیا جاتا تھا۔ آج کل کے کپ کیکس کی سب سے اچھی بات یہ ہے کہ سائز میں چھوٹے ہونے کے باعث ان کو مختلف طریقوں سے سجایا جا سکتا ہے۔ بچوں میں یہ کپ کیکس بہت مقبول ہیں۔ برتھ ڈے پارٹیز اور عید کے موقع پر بھی کپ کیکس سے مہمانوں کی تواضع کی جاتی ہے۔ ان کی ڈیکوریشن کے لیے طرح طرح کے اجزا میسر ہیں۔

> چاکلیٹ دورِ جدید کی بہترین ڈیزرٹ شمار کی جاتی ہے۔ اسے نہ بنانے کی جھنجھٹ ہے نہ سرو کرنے کی۔ بس مارکیٹ سے خریدیں اور پیکنگ سمیت پیش کریں

چاکلیٹ

چاکلیٹ دورِ جدید کی بہترین ڈیزرٹ شمار کی جاتی ہے۔ اسے نہ بنانے کی جھنجھٹ ہے نہ سرو کرنے کی۔ بس مارکیٹ سے خریدیں اور پیکنگ سمیت پیش کریں۔ یہ چھوٹوں، بڑوں سب میں مقبول ہے۔ چاکلیٹ cocoa tree کے بیج سے بنائی جاتی ہے۔ کچھ صدیوں پہلے تک لوگ چاکلیٹ کھانے کے بجائے پیتے رہے۔ انیسویں صدی تک اس میں دودھ ڈال کر پیے جانے کا رواج تھا۔ اس کے بعد چاکلیٹ کو کئی طرح سے استعمال کیا جانے لگا۔ چاکلیٹ کا پہلا باکس 1854ء میں ویلنٹائن ڈے کے موقع پر بنایا گیا۔ یہ دل کی شکل کا باکس تھا۔

اپنی غذائی اہمیت کے پیش نظر اب چاکلیٹ کئی طرح سے اور کئی مواقع پر پیش کی جاتی ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

یہ ہے

MENU®

کا رمضان

بول اُٹھا پاکستان

HACCP
BUREAU VERITAS
Certification
Halal
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

SAVE RS. 25

IN EVERY PACK OF

- Premium Crispy Fillet
- Chicken Samosa (24pcs)
- Chicken Vegetable Samosa (24pcs)
- Chicken Spring Roll
- Plain/Whole Wheat Paratha (30pcs)
- Boneless Cuts (Raw)

(Boneless Thigh Cubes, Boneless Breast Cubes, Chinese Cut)

JOIN US AT: facebook.com/seasonsfoods

www.menu.com.pk | comments@seasonsfoods.com.pk

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

the ARAB table

مہمان نوازی عربیین کوزین کی ایک روشن روایت ہے

عرب ممالک میں دسترخوان پر کھانے کی دعوت دینے کے لیے "Tafathalo" کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے جس کا مطلب ہے "Do me the honour"۔ مہمان نوازی عربیین کوزین کی ایک روشن روایت ہے۔ اگر کوئی آپ کو کھانے کی دعوت دے یا قبول کرے تو اس بات کو باعث احترام سمجھا جاتا ہے لہٰذا جب آپ عرب ممالک میں جائیں تو کھانے سے پہلے دوسروں کو "Tafathalo" کہنا نہ بھولیں۔ عرب دراصل بائیس ممالک پر مشتمل ہے۔ فوڈ اور ٹیبل مینرز کے حوالے سے یہ ممالک ایک دوسرے سے کافی حد تک ملتے جلتے ہیں اور کہیں کہیں تضاد بھی پایا جاتا ہے جیسے کہ مصر میں کریز اور لبنان میں سبزیاں شوق سے کھائی جاتی ہیں البتہ بنیادی غذائی اجزا تمام ممالک میں ایک جیسے ہیں۔ عربیین کوزین میں کھانے کے وقت سب لوگ مل جل کر بیٹھتے ہیں۔ مختلف موقعوں پر لذیذ [illegible] کھانے تیار کر کے مزید رونق بخشی جاتی ہے۔ شادی کے موقع پر 4 سے 5 کھانے تیار کیے جاتے ہیں [illegible] بچوں کی پیدائش کے موقع پر خاص قسم کی پتنگ تیار کی جاتی ہے جو ماں کی صحت کے لیے بھی ضروری ہے۔ ان [illegible] میں سیاحت، کاروبار اور مذہبی مقاصد کی غرض سے دوسرے ممالک کے لوگوں کا آنا جانا لگا رہتا ہے [illegible] عربیین اور [illegible] مڈل ایسٹ اور انڈین فوڈ کے ملے جلے اثرات ہیں۔ عربیین کوزین میں روز مرہ کھانا لیمب [illegible] چاول، سبزی، ٹماٹو سوپ، کئی طرح کے مصالحوں اور ہربز پر مشتمل ہوتا ہے۔ سائیڈ ڈش کے طور پر سلاد بھی کھانے کا لازمی جزو ہے۔ [illegible] آئل، دہی، کھجوریں اور چیز ہر گھر میں ہر روز دستیاب اجزا ہیں۔ مختلف قسم کے کباب بھی شوق سے کھائے جاتے ہیں [illegible] عربیین کوزین کی [illegible] ڈشز بنانے میں خاصا وقت اور محنت درکار ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر سنفلہ گریپ لیوز، سنفلہ شملہ مرچ، کبی وغیرہ۔

عربیین کوزین کے عام مستعمل اجزا [illegible] ہیں۔

[illegible]

چائے عرب کوزین کا [illegible] ہے۔ [illegible] وہاں کی پسندیدہ گرم ڈرنک ہے۔ کافی [illegible] سے پہلے [illegible] جوس، دودھ اور سوفٹ ڈرنک بھی رغبت سے پیے جاتے ہیں۔

بریڈ

عرب [illegible] بریڈ روٹی دسترخوان کا لازمی جزو ہے۔ روٹی [illegible] کے آٹے [illegible] کی جیب [illegible] میں کسی کو روٹی کا ٹکڑا زمین پر گرا ہوا نظر آئے تو وہ احتراماً اسے محفوظ جگہ پر رکھ دیا جاتا ہے۔ سادہ روٹی (Fatir) اور اسپائسی بریڈ (Arikah) زیادہ پسند کی جاتی ہیں۔

لیمب

گوشت میں لیمب کا گوشت پسندیدہ ہے۔ خصوصی موقعوں اور مہمانوں کی آمد پر پورے کا لیمب کے گوشت میں چاول بھر کر پکانا بڑے اعزاز کی بات سمجھی جاتی ہے۔ بھیڑ، ہرن اور اونٹ کا گوشت بھی رغبت سے کھایا جاتا ہے۔

گریز

چاول اور دلیہ عربیین کوزین میں روز مرہ غذا کا حصہ سمجھے جاتے ہیں۔ انھیں کئی طریقوں سے پکایا جاتا ہے۔ کئی عرب ممالک میں ناشتا دلیے سے کیا جاتا ہے۔

پھل اور سبزیاں

انار، کھجور، لیموں، سیب، انجیر، شکترے، خوبانی، آم اور ڈرائی فروٹس میں بادام اور پستہ زیادہ کھائے جاتے ہیں۔

موسمی سبزیاں کچی اور پکا کر بھی کھائی جاتی ہیں۔ بینگن، ٹماٹر، پھول گوبھی، بھنڈی، پالک اور سبز پھلیاں شوق سے کھائی جاتی ہیں۔

سلاد

عربیین ممالک میں دوپہر اور رات کے کھانے کے ساتھ سلاد ضرور پیش کی جاتی ہے۔ نمک، لیموں کا رس اور کالی مرچ پاؤڈر سلاد کی ڈریسنگ میں ضرور شامل کیے جاتے ہیں۔ تازہ اور موسمی سبزیوں اور پھلوں کی سلاد پسند کی جاتی ہے۔

> عربیین کوزین کی روایتی ڈشز بنانے میں خاصا وقت اور محنت درکار ہوتی ہے

مصالحہ جات

مصالحہ جات عربیین کھانوں کی جان ہیں۔ دارچینی، گرم مصالحہ پاؤڈر، بادیان پھول، الائچی، لونگ، کالی مرچ اور زعفران زیادہ استعمال کیے جاتے ہیں۔ عرب ممالک مصالحہ جات کی تجارت کے لیے بھی مشہور ہیں۔

ٹیبل مینرز

عرب ممالک میں آپ کو کھانے پر مدعو کیا جائے تو پھول اور چاکلیٹ لے جانا نہ بھولیں اور بدلے میں میزبان کو اپنے گھر آنے کی دعوت ضرور دیں۔ دسترخوان پر کھانے کی دعوت دینے کے لیے 'tafathalo' ضرور بولیں۔

کھانا کھانے کے بعد 'Amer'یا 'Daymah' کے الفاظ بولے جاتے ہیں جن کے معنی ہیں "اس گھر پر سلامتی ہو"۔

کھانے کے دسترخوان پر مذہبی نقطہ سے پرہیز کیا جاتا ہے۔

عید دسترخوان

عید کے موقع پر کھانے کا خاص اہتمام کیا جاتا ہے۔ سب سے پہلے اسٹارٹرز، سلاد وغیرہ سرو کیے جاتے ہیں۔ مین میل میں پورا لیمب روسٹ کر کے میز کے درمیان میں رکھ دیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ زعفران ملے چاول کی بڑی ٹرے رکھی جاتی ہے۔ ان میں ڈرائی فروٹس، نٹس اور خوشبودار مصالحوں کا استعمال بھی کیا جاتا ہے۔ مین میل کے بعد چائے اور کافی پیش کی جاتی ہے۔ سب سے آخر میں سویٹ ڈش جو "کنافہ" (چیزی پیسٹری جو شیرے میں بھگو کر سرو کی جاتی ہے) کہلاتی ہے، سے مہمانوں کی تواضع کی جاتی ہے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

خوب صورتی کا تصور نرم، ملائم اور صحت مند جلد کے بغیر نامکمل ہے۔ جلد جتنی صاف شفاف اور داغ دھبوں سے پاک ہوگی اتنی ہی آپ کی صورتی کی ضامن بھی ہوگی۔ جلد کی حفاظت اور خوب صورتی کے لیے جو پروڈکٹس اور کاسمیٹکس استعمال کی جاتی ہیں ان کا تقریباً 90% حصہ جلد میں جذب ہو جاتا ہے۔ یہ کاسمیٹکس فدرتی اجزاء کے بجائے کیمیکلز پر مشتمل ہوتی ہیں جو وقتی طور پر تو اسکن کو خوبصورت بنا دیتی ہیں لیکن ان کے مضر اثرات ہوتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق خوبصورتی کے لیے کاسمیٹکس کے بجائے گھر میں تیار کردہ کاسمیٹکس نہ صرف بنانے میں آسان ہیں بلکہ قیمت میں کم قیمت میں تیار بھی ہو جاتی ہیں۔ جدید دور میں مصنوعی کاسمیٹکس کے بجائے قدرتی طریقے باقاعدہ طور پر پارلر یا سیلون بھی بنیں جا سکتیں۔ گھر میں موجود کچھ اشیاء اور غذائی اجزاء کی مدد سے ہی کاسمیٹکس تیار کر سکتی ہیں۔ گھر میں باسہولت اور کم خرچ میں کاسمیٹکس کے ترکیب درج ذیل ہیں۔

کیوی فیس کلینزر

یہ خشک نارمل اور خشک جلد کے لیے بہترین ہے۔

اجزاء

کیوی فروٹ	:	1 عدد
سنگترے کا رس	:	1 کھانے کا چمچ
دہی نیم آئل	:	1 کھانے کا چمچ
شہد	:	1 کھانے کا چمچ
دہی	:	2 کھانے کے چمچ
بادام (پسے ہوئے)	:	1 چائے کا چمچ
ولیو آئل	:	2 قطرے

ترکیب:

کیوی فروٹ چھیل کر کے اس کی پیوری بنا لیں۔ دہی، شہد، سنگترے کا رس، دہی نیم آئل اور بادام شامل کر کے مکس کریں۔ اب اسے اتنا بلینڈ کریں کہ کریمی مکسچر تیار ہو جائے۔ اب ولیو آئل بھی مکس کر لیں۔

لگانے کا طریقہ

یہ مکسچر نرمی سے چہرے اور گردن پر لگائیں۔ 20-15 منٹ بعد نیم گرم پانی سے دھو لیں۔

فوائد

کیوی فروٹ میں موجود وٹامن سی جلد کو تر و تازہ رکھنے میں مددگار ہے۔ کیوی فروٹ کا جوس اور پاپ جلد کو ایکس فولی ایٹ، مرنی فائن اور ٹیکسچرائز کرتا ہے۔

ہنی فیشل ماسک

یہ ماسک ہر قسم کی جلد کے لیے بہترین ہے۔

اجزاء

[illegible]	:	1 کھانے کا چمچ
ولیو آئل	:	1 چائے کا چمچ
لیمن کی زردی	:	1 عدد

ترکیب:

تمام اجزاء مکس کر کے اچھی طرح پھینٹ لیں۔ جھاگ بننے لگے تو 3-2 منٹ کے لیے رکھ دیں۔

لگانے کا طریقہ

ماسک لگانے سے پہلے بال اچھی طرح باندھ لیں۔ سر کے گرد تولیہ یا کوئی پرانا کپڑا باندھ لیں۔ اب یہ ماسک چہرے پر اپلائی کریں۔ 20-15 منٹ لگا رہنے دیں پھر نیم گرم پانی سے نرمی سے اسے دھو لیں۔ چہرے پر تولیہ یا کاٹن استعمال نہ کریں بلکہ اسے خود ہی خشک ہونے دیں۔

فوائد

شہد کا استعمال جلد کے لیے بہت مفید ہے۔ اگر آپ بہت زیادہ مصروف ہیں تو چہرے پر صرف شہد لگا کر 5-4 منٹ بعد گرم پانی سے چہرہ دھو لیں۔ اس سے جلد صاف شفاف اور ملائم رہے گی۔

کیوکمبر پیپر ٹریٹمنٹ

اجزاء

کھیرا	:	½ حصہ
انڈا	:	1 عدد
ولیو آئل	:	2-1 کھانے کے چمچ

ترکیب:

کھیرا کاٹ کر پیس کر لیں پھر انڈا اور ولیو آئل مکس کر کے بلینڈ کر لیں۔

لگانے کا طریقہ

یہ آمیزہ بالوں میں اپلائی کریں اور دس منٹ کے لیے لگا رہنے دیں۔ اچھے ہربل شیمپو سے بال دھو لیں۔ دھونے کے بعد انہیں طرح سے کنگھی کر لیں۔

فوائد

ولیو آئل اسکن اور بالوں کے لیے بہترین گھنڈ بشرہ ہے۔ یہ ہر طرح کی اسکن اور بالوں کے لیے یکساں مفید ہے۔ تاہم اسے لگانے کے بعد بالوں کو ایک سے زائد مرتبہ دھوئیں تاکہ آئل پوری طرح سے نکل جائے۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

بلیک روز سُپر ہیئر ٹانک

پہلے سے کہیں زیادہ موثر۔ زیادہ بہتر

بالوں کی چمک اور نکھار کیلئے ہیئر ٹانک کا استعمال یقینی بنائیں
کیونکہ یہ بالوں کا فطری [illegible] کا محافظ ہے

5 بالوں کے قدرتی نکھار کیلئے
ایک فارمولے میں پانچ کمالات

2X بالوں کو دوگُناہ مضبوط بنائے

دوشاخہ بالوں کو صحت مند بنا کر۔ طاقت بخشے

وٹامن 'ای' کی بدولت
بالوں میں ریشمی احساس کا اضافہ کرے

نباتاتی قدرتی غذائیت سے سنوارے

frizz بالوں کے رُوکھے پن اور اُلجھن سے
ہمیشہ کیلئے نجات

Stay connected for hair care solution
www.facebook.com/blackrosehaircare

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

Beat the Heat

شدید گرمی میں کیا کھائیں، کیا پئیں

اس موسم میں چونکہ لو لگنے، جسم میں پانی کی کمی اور جلدی امراض کی شکایات بڑھ جاتی ہیں اس لیے ان سے بچنے کے طریقے معلوم ہونے چاہیے۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ پانی پئیں تاکہ جسم میں پانی کی کمی نہ ہو۔ پانی کے علاوہ مفرح شربت اور سکنجبین بھی استعمال کریں۔ جو کے شربت اور ناریل کے پانی سے بھی توانائی کی بحالی میں مدد ملتی ہے۔ جتنا ممکن ہو پھلوں کے جوس پئیں۔ پھلوں کے علاوہ اگر سنگترے اور مسمی جیسے دیگر رسیلے پھل دستیاب ہوں تو ان سے بھی مستفید ہوا جاسکتا ہے۔ موسم گرما میں تربوز اور خربوزے بھی وافر دستیاب ہوتے ہیں جن سے پانی کی کمی پوری کی جاسکتی ہے۔ گرم موسم میں تیز مصالحے دار کھانوں سے پرہیز کریں۔ نمک کا استعمال بھی کم کردیں۔ ایسی سبزیوں کا استعمال بڑھادیں جن میں پانی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے مثلاً کھیرا، ککڑی، لوکی، ٹماٹر وغیرہ۔

گھر کا درجہ حرارت کنٹرول کرنا

گھر میں موجود اشیاء، فرنیچر اور پردوں کا رنگ اگر گہرا ہو تو یہ 70 سے 80 فیصد تک سورج کی حرارت جذب کرکے گرمی میں اضافے کا باعث بنتے ہیں [illegible] اندرونی درجہ حرارت بڑھ جاتا [illegible] ضروری ہے کہ گھر میں [illegible] پردوں اور بیڈ شیٹ [illegible] کو ٹھنڈا اور بھلا محسوس ہوگا۔ [illegible] اور ایسی جگہوں پر شیڈ مفید رہتا ہے جہاں سے دھوپ براہ راست آسکتی ہو۔ پردوں اور بلائنڈز کا استعمال بھی درجہ حرارت کو 40 فیصد تک کم کردیتا ہے۔ [illegible] کا استعمال آسان طریقہ [illegible] گھر [illegible] درجہ حرارت [illegible] کا ایک بڑا سبب چولہے [illegible] کی حرارت کے اخراج [illegible] انتظام ضرور ہونا چاہیے۔

کوشش کریں کہ کچن کی کھڑکی گھر سے باہر کی طرف کھلے یا پھر کھانا پکانے کے لیے ہائیکر و ہیو یا اوون کا استعمال زیادہ کریں۔ گھر میں مشینری، کمپیوٹر اور موٹرز وغیرہ کا استعمال کم سے کم کریں یا ان کی حرارت کے اخراج کے لیے مناسب بندوبست رکھیں۔ بلب کے بجائے انرجی سیور کا استعمال کریں۔ بلب، انرجی سیور کی نسبت زیادہ حرارت خارج کرتا ہے۔

جسمانی درجہ حرارت کنٹرول کرنا

جسمانی درجہ حرارت کنٹرول کرنے کے لیے درج ذیل باتوں کا خیال رکھیں:

ٹھنڈے اور تازہ پانی سے غسل کریں۔

روزانہ دو لٹر سادہ پانی ضرور پئیں۔ کوکنٹ واٹر اور بیٹر ملک کا استعمال بھی جسمانی درجہ حرارت کو کنٹرول رکھتا ہے۔ ایسی سبزیاں اور پھل کھائیں جن میں قدرتی طور پر پانی شامل ہو مثلاً ہرے پتوں والی سبزیاں، تربوز اور کھیرا وغیرہ۔ سلاد ضرور استعمال کریں۔ جسمانی درجہ حرارت کم کرنے کے لیے کم از کم دس منٹ سر کی مالش کریں۔ شدید دھوپ میں ہیٹ اور چشمے کے بغیر باہر نہ نکلیں۔ فاسٹ فوڈ کے بجائے گھر میں تیار کردہ غذائیں بھی درجہ حرارت کو کنٹرول رکھتی ہیں۔ گرمیوں میں لان اور کاٹن کا لباس استعمال کریں۔ زیادہ گرمی کی صورت میں گیلا کپڑا ماتھے پر رکھیں یا چہرے پر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے ماریں۔ اگر آپ کو لو لگ جائے یا سٹروک کا مسئلہ ہو تو کریمن ٹی یا [illegible] پیاز کا پانی [illegible]

گھروں میں اے سی کا استعمال

[illegible] میں ایئر کنڈیشنر بھی نعمت سے کم نہیں لیکن اس کا بے جا استعمال آپ کی صحت کے لیے خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ اس ضمن میں درج ذیل احتیاطی [illegible] کی اشد ضرورت ہے:

[illegible] سی یا سپلٹ کے آؤٹ ڈور یونٹ کو ہمیشہ سایہ دار جگہ پر لگوائیں، جہاں [illegible] یہ بندوبست کریں کہ اے سی براہ راست سورج کی شعاعوں سے محفوظ رہے۔ اس سے اے سی کی کارکردگی میں بہتری پیدا ہوگی۔ توانائی کی بچت کے لیے عموماً اے سی کو 26 سینٹی گریڈ پر سیٹ رکھنے کی ضرورت پر زور دیا جاتا ہے جو کہ بہت درست اور حقیقت پسندانہ بات ہے۔ 18 یا 20 ڈگری کا استعمال نہ صرف ایئر کنڈیشنر کی کارکردگی کو بوجھل بنادیتا ہے بلکہ توانائی کے غیر ضروری استعمال میں اضافے کا موجب بھی بنتا ہے۔ اگر اے سی کو 26 ڈگری پر سیٹ کردیا جائے تو ماحول بہتر اور کمرے کے اندر ہوا میں کاربن آلودگی کم کی جاسکتی ہے۔ موسم بہت گرم ہو اور یہ صاف دکھائی دے رہا ہو کہ آج بہت زیادہ گرمی پڑے گی تو اس سے پہلے کہ آپ کی عمارت یا کمرہ گرمی سے تپ کر تندور بن جائے، اپنا اے سی جلدی چلادیں کیونکہ اس طرح ایئر کنڈیشنر کمرے کو ٹھنڈا کرنے کے لیے بہتر کارکردگی دے سکتا ہے۔ اے سی استعمال کرتے وقت اس بات کو یقینی بنائیں کہ کمرے کی کھڑکی یا دروازہ کھلا نہ رہ جائے، نیز کھڑکیوں، دروازوں کی چوبی مولڈنگ کو بھی اچھی طرح کور کرلیں تاکہ باہر سے گرم ہوا اندر داخل نہ ہوسکے۔ دن کے اوقات میں دبیز اور بھاری رنگوں کے پردوں سے کھڑکیوں کو اچھی طرح ڈھانپے رکھیں۔ کمروں اور کھڑکیوں کے بیرونی شیڈز بھی موسم سے ہم آہنگ ہونے چاہئیں۔ اے سی والے کمرے میں برقی آلات ٹی وی، کمپیوٹر یا ساؤنڈ سسٹم کے غیر ضروری استعمال سے پرہیز برتیں۔ اپنے اے سی کو ہیکٹیریا اور پھپھوندی سے محفوظ رکھنے کے لیے کم از کم 15 روز بعد ایئر فلٹر کی صفائی یقینی بنائیں۔

> اگر اے سی کو 26 ڈگری پر سیٹ کردیا جائے تو ماحول بہتر اور کمرے کے اندر ہوا میں کاربن آلودگی کم کی جاسکتی ہے۔

> گھر میں موجود اشیاء، فرنیچر اور پردوں کا رنگ اگر گہرا ہو تو یہ 70 سے 80 فیصد تک سورج کی حرارت کو جذب کرکے گرمی میں اضافے کا باعث بنتے ہیں

Digest.pk

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

Cook like a Chef

کھانا پکانا ایک فن ہے اور مزید سیکھتے رہنے سے اس میں مہارت اور جدت پیدا کی جاسکتی ہے۔ یہ ایک ایسا فن ہے جس میں نمک یا مصالحہ ذرا سا تیز یا کم ہو جائے تو ساری محنت بے کار جاسکتی ہے۔ یہ فن محض ریسپیز کے ذریعے لذیذ کھانے بنانے تک ہی محدود نہیں بلکہ پکانے کے دوران ایسے کئی مسائل سے واسطہ پڑتا ہے جن کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔ اس حوالے سے ہمیں کئی طرح کے سوالات بھی موصول ہوتے رہتے ہیں۔ کھانا پکانے کے حوالے سے آپ کی مشکلات آسان کرنے کے لیے آپ کے سوالات ہم نے اپنے ایکسپرٹ شخص کے سامنے بھی پیش کیے جن کے جوابات درج ذیل ہیں۔ رمضان المبارک اور عید کے موقع پر یہ جوابات یقیناً آپ کی رہنمائی کا باعث رہیں گے۔

س: رمضان المبارک میں عموماً روزانہ ہی افطاری میں سموسے اور پکوڑے بنائے جاتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے کیا روزانہ آئل بدلنا ضروری ہے؟

ج: ایک مرتبہ استعمال کیے گئے آئل کو دوبارہ استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے لیے آئل کو پوری طرح سے ٹھنڈا ہونے دیں، پھر چھان کر محفوظ کر لیں۔ تاہم اس آئل کو ایک حد سے زیادہ استعمال مضرِ صحت ثابت ہو سکتا ہے۔ اگر ایک حد سے پہلے ہی آئل سے جھاگ بننے لگے، آئل کا رنگ تبدیل ہو جائے یا اس میں کسی قسم کی بدبو پیدا ہو جائے تو اس کا استعمال ترک کر دیں۔ زیادہ بہتر ہوگا کہ آئل کو ریفریجریٹر میں محفوظ رکھیں۔

س: کیا بازاری اشیا کی پیکنگ کو کچن میں استعمال کیا جاسکتا ہے؟

ج: بازاری اشیا کی پیکنگ مخصوص اشیا کے لیے ہی تیار کی جاتی ہے۔ عموماً ہم ان اشیا کو کچن کا سودا سلف رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ یہ پیکنگ بعض اوقات نقصان کا باعث بھی بن سکتی ہے۔ جیسے سرف کے بڑے پلاسٹک کے کنٹینر میں چینی محفوظ کرنا مناسب بات نہیں جب کہ شیشے کے کنٹینر کسی بھی چیز کو محفوظ رکھنے کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں لیکن کوکنگ کے لیے انہیں استعمال نہ کریں۔ پیکنگ کی بعض اشیا میں ایسے کیمیکلز ہوتے ہیں جو کھانے کی خوشبو اور ذائقے کو تبدیل یا ختم کر دیتے ہیں لہٰذا ان کے استعمال میں محتاط رہیں۔

س: کیا ہم الیکٹرک مکسر کے بغیر فوڈ یا بیٹر مکس کر سکتے ہیں؟

ج: جی ہاں! فوڈ یا بیٹر بنانے کے لیے الیکٹرک مکسر کے علاوہ فورک، چمچ، مشین والا اور اس قسم کا کوئی ٹول استعمال کر سکتے ہیں۔ ہاتھ کی مدد سے بھی بیٹر مکس کی جاسکتی ہے۔

س: کیا پانی ابالنے کے لیے [illegible] مناسب ہے؟

ج: اگر آپ جلدی [illegible] ابالنا چاہتے ہیں تو [illegible] دے دیں۔ البتہ ایک سائیڈ سے [illegible] زیادہ بہتر ہے اس سے بھاپ اندر جمع نہیں ہوتی رہے گی [illegible] دھکن دیا ہوا ہے تو احتیاط سے [illegible] ہاتھ پر بھاپ پڑنے سے ہاتھ جل بھی سکتا ہے [illegible] زیادہ جلدی [illegible] کر لیں۔

س: [illegible] پہلے ابالنا بھی چاہیے؟

ج: [illegible] چکن کو فرائی کرنے سے پہلے ابالنے کی ضرورت نہیں ہوتی [illegible] کہ چکن فرائنگ کے دوران ہی گل جاتا ہے۔ البتہ اگر چکن کو [illegible] نیٹ یا بیٹر میں ڈیپ کرنا ہو تو پہلے ابالا جاسکتا ہے۔ اس طرح فرائنگ کا عمل کم وقت میں مکمل ہو جاتا ہے اور بیٹر کے اجزا بھی اترنے نہیں پاتے۔

س: چکن یا کسی بھی قسم کے گوشت کو میری نیٹ کرنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟ میری نیٹ کرنے کا بہترین طریقہ کیا ہے؟

ج: میری نیٹ کرنے کے لیے بہتر تو یہ ہے کہ مصالحہ لگا کر گوشت کو ساری رات کے لیے چڑھا رہنے دیں۔ ویسے دو گھنٹے کے لیے [illegible] جتنے دیر اتنا ہی [illegible] ہوتے ہیں۔ میری نیشن [illegible] کو [illegible] اور [illegible] کی خوشبو اور ذائقہ پوری طرح [illegible] میٹ میں سرایت کر جاتا ہے۔

[illegible] چکن اور میٹ کو ایک [illegible] اجزا سے میری نیٹ کیا جاسکتا ہے؟

ج: جی ہاں، دونوں کے لیے ایک جیسے اجزا استعمال کیے جاسکتے ہیں تاہم دونوں کو الگ الگ برتنوں میں میری نیٹ کریں تو زیادہ بہتر ہے۔

س: پکانے کے دوران اکثر نوڈلز ٹوٹ جاتی ہیں۔ اس کے لیے کیا کریں؟

ج: نوڈلز کو ہمیشہ زیادہ پانی میں تھوڑا سا آئل ڈال کر ابالیں پھر نتھار لیں۔ اس سے نوڈلز ٹوٹیں گی نہیں۔

س: ایسا کیا کیا جائے کہ پیاز کاٹتے وقت آنکھوں میں آنسو نہ آئیں؟

ج: ہمارے ہاں پیاز کو ریفریجریٹر میں نہیں رکھا جاتا جب کہ فلاور ریفریجریٹر میں رکھے جاتے ہیں۔ اگر پیاز کو ریفریجریٹر میں رکھا جائے تو پیاز کاٹتے وقت آنکھوں میں پانی نہیں آئے گا۔ پیاز کاٹ کر پلاسٹک کے بیگ میں فریج میں رکھ دیں۔ اس سے فریج میں بو بھی پیدا نہیں ہوگی۔

س: کچھ ریسپیز میں آئل اور مکھن اکٹھے استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس کی کیا وجہ ہے؟

ج: مکھن جب گرم کیا جاتا ہے تو اس کا رنگ تبدیل ہونے لگتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مکھن کے ساتھ آئل بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ آئل اور مکھن اکٹھے گرم کیے جائیں تو آئل کی موجودگی میں مکھن کا رنگ تبدیل نہیں ہوتا۔

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

Digest.pk

TEFLON METAL WARE INDUSTRIES
15-A, S.I.E-2, Gujranwala, Pakistan.
Tel: +92-55-4287282, 4287193 Fax: +92-55-4287159
info@kitchenking.com.pk , teflon_int@hotmail.com

Pakistan Standards

AVAILABLE Hyperstar HD METRO

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

small fruits BIG benefits

موسم گرما میں گرمی کی شدت اور حبس کی تکلیف کو برداشت کرنا بھی مشکل ہوتا اگر قدرت نے ان کے مقابلے کے لیے راحت افزا اور ٹھنڈے پھل نہ بنائے ہوتے۔ دیسے تو موسم گرما کے تمام پھل غذائیت کے اعتبار سے منفرد اہمیت کے حامل ہیں تاہم وہ پھل جن میں پانی اور فائبرز پائے جاتے ہیں، ان کا استعمال خاص طور پر مفید رہتا ہے۔ ایسے ہی دو اچھوتے مگر بڑے فوائد کے حامل پھل فالسہ اور جامن ہیں۔

فالسہ اپنے ذائقے اور فرحت بخش اثرات کے باعث بہت پسند کیا جاتا ہے۔ اس کا سائنسی نام Grewia Asiatica ہے۔ فالسے میں 81 فیصد پانی کے علاوہ پروٹین، چکنائی، ریشے اور نشاستہ بھی پایا جاتا ہے۔



"فالسہ کے شربت میں عرق گلاب ڈال کر پیا جائے تو اس کے فوائد دوگنا ہو جاتے ہیں"

فالسے میں بے شمار طبی اور غذائی فوائد پائے جاتے ہیں۔ یہ پیاس بجھاتا ہے، گرمی کی شدت اور خون دل کے امراض کو ختم کرنے کی تاثیر رکھتا ہے۔ حکیم کے مطابق فالسے کا شربت جگر کے امراض، خاص طور پر برقان کے مریضوں کے لیے نہایت مفید ہے۔ تندرست افراد کے لیے بھی دو زانو فالسے کا ایک گلاس ٹھنڈا شربت پینا مفید ہے کیوں کہ یہ کئی امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ فالسے کا شربت سر درد میں بھی فائدہ مند ہے۔ شدید گرمی اور لو میں فالسے کا ایک گلاس شربت پی کر ہیٹ اسٹروک سے بھی محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ فالسہ دل، معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ یہ پیاس بجھاتا اور گرمی کے بخار کو دور کرتا ہے۔ فالسے کی بڑی چھوٹی گلٹیاں پیٹ کے مرض میں استعمال کرنا مفید ہے۔ تپ دق میں فالسے کا استعمال بے حد مفید ہوتا ہے۔ معدے اور پیٹ کی گرمی اور جلن دور کرتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور خاص طور پر بے چینی کو دور کرتا ہے۔

جن کا معدہ بوجھل رہتا اور طبیعت متلاتی ہو، ایک پاؤ فالسے کا پانی ابال کر اس میں تین پاؤ چینی مکس کر کے گاڑھا شربت تیار کریں۔ یہ شربت تین بڑے چمچ ہر کھانے کے بعد استعمال کریں۔ جلد پر نمایاں فائدہ ہوں گے۔ ان پر فالسے کے پتے نرمی سے ملیں۔ اس کی تازگی جھاگ کا جو شاندار بنا کر ہونٹوں کے درد میں بے حد مفید ہے۔

فالسے کو دو روز سے زیادہ بغیر فریزر کے بغیر نہ رکھیں، خراب ہو جاتا ہے۔

سرد مزاج والے لوگ اسے زیادہ نہ کھائیں۔ اس کا زیادہ استعمال سینے اور پھیپھڑوں کو گزند پہنچا سکتا ہے لہٰذا معتدل استعمال کریں۔ فالسے کے شربت میں عرق گلاب ڈال کر پیا جائے تو اس کے فوائد دوگنا ہو جاتے ہیں۔



گرمی کا موسم عروج پر آتے ہی جامن بھی جابجا دکھائی دینے لگتے ہیں۔ جامن کھانے کا [illegible] ہے جب درخت سے نہ ذرا تازہ تازہ کھائے جائیں۔ جامن نرم اور میٹھا ہو تو بہت مزہ دیتا ہے۔ اسے ٹھنڈا کر کے نمک لگا کر کھانے سے اس کا مزہ دوبالا ہو جاتا ہے۔ جامن کے گودے میں 84 فیصد پانی، 14 فیصد کاربوہائیڈریٹس، 0.7 فیصد پروٹین اور 0.3 فیصد چربی پائی جاتی ہے۔

"چہرے کے داغ دھبے جامن یا جامن کے شربت کے مسلسل استعمال سے دور ہونے اور رنگت نکھرتی ہے۔"

جامن کے بے شمار طبی فوائد ہیں۔ ذیابیطس کے مرض میں جامن انتہائی مفید ہے۔ اس میں شامل مجموعہ سائنسی نشاستے کو گلوکوز میں تبدیل ہونے سے روکتا ہے لیکن اس مرض کی مروجہ ادویات کے بجائے صرف جامن کے استعمال پر انحصار کسی طور مناسب نہیں۔ اسہال، گیسٹرو اور ہیضہ کے کئی امراض کے لیے جامن کا سرکہ فائدہ مند ہے۔ لو لگنے کی صورت میں جامن کھانے سے لو کے اثرات کا خاتمہ ہوتا ہے۔ جامن کے استعمال سے خون کا کالا پن اور تیزابیت ختم ہوتی ہے۔ چہرے کے داغ دھبے جامن یا جامن کے شربت کے مسلسل استعمال سے دور ہونے اور رنگت نکھرتی ہے۔ بیرونی استعمال کے لیے جامن کی گٹھلیوں کو پانی میں ابال کر اس کا ہیٹ پیک کریں۔

وٹامن اے، بی، سی، کیلشیم، پروٹین کے علاوہ جامن میں فولاد بھی پایا جاتا ہے۔ جن لوگوں میں خون کی کمی ہو ان کے لیے بھی مفید ہے۔ جامن جسم کو تقویت دیتا اور معدے کی تیزابیت کا خاتمہ کرتا ہے۔ اس میں موجود مفید اجزاء سے معدے کے زخم اور آنکھوں کا ورم ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اگر بھوک نہ لگتی ہو تو جامن کا کوا ڈال کر کالا نمک، ذیرہ، سیاہ مرچ اور تھوڑی سی شکر شامل کر کے شربت بنا لیں۔ چند روز استعمال کرنے سے بدہضمی اور بھوک نہ لگنے کا مسئلہ دور ہو جائے گا۔ جامن اور جامن تھا کا قدرتی خزانہ ہے۔ وٹامن سی کی کمی کی وجہ سے مسوڑھوں سے خون آتا ہو تو جامن کے پتوں کو پانی میں ابال کر کے تھوڑا سا نمک ملا کر غرارے کریں۔ منہ سے بدبو آتی ہو تو جامن کھانے سے رفع ہو جاتی ہے۔ جامن گرتے ہوئے بالوں کو روکنے کے لیے قدرت کا بہترین تحفہ ہیں۔ بعض اوقات جلنے سے جلد پر مفید بدنما داغ پیدا ہو جاتے ہیں، ان داغوں پر جامن کے پتوں کا رس لگانے سے جلد کی اصل رنگت لوٹ آتی ہے۔

استعمال

جامن کو دوائی، ادویاتی اور شربت کے علاوہ انچیں دیگر کئی طرح کے ڈیزرٹس میں استعمال کر کے ان کا مزہ دوبالا کیا جا سکتا ہے۔



WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM

حُسنِ معاشرت اور مُعاملاتِ رسول ﷺ

اپنے کام اپنے ہاتھ سے انجام دینا

حضور اکرم ﷺ کے اردگرد جاں نثاروں کی کمی نہ تھی۔ یہ جاں نثار ہر طرح کی خدمت کے لیے تیار رہتے تھے مگر آنحضرت ﷺ کو بغیر عذر کے کسی سے خدمت لینا قطعاً منظور نہ تھا۔ آپ ﷺ اپنے زیادہ سے زیادہ کام خود کرنا چاہتے اور دوسروں پر کم سے کم بوجھ بننا پسند کرتے تھے۔ تعمیر خانہ کعبہ کے وقت آپ ﷺ نے سب کے ساتھ مل کر مزدوروں کی طرح کام کیا۔ مسجد نبوی ﷺ اور مسجد قبا کی تعمیر اور بعد ازاں احزاب کے موقع پر خندق کھودنے میں بھی صحابہ کرامؓ کے ساتھ شریک عمل رہے۔ بلکہ خندق کھودنے کے دوران جب کوئی مشکل مرحلہ آجاتا تو آپ ﷺ کو بلایا جاتا۔

خانگی امور کے متعلق آپ ﷺ کے دیکھنے والوں کا بیان ہے کہ آپ ﷺ اپنے کام خود کیا کرتے تھے۔ ایک دوسری روایت کے مطابق آپ ﷺ گھر کے کام کاج میں اپنی ازواج کا ہاتھ بٹاتے، کپڑوں میں پیوند لگاتے، گھر میں جھاڑو دیتے، دودھ دوہ لیتے، بازار سے سودا سلف لے آتے، ڈول درست کر دیتے، اونٹ کو اپنے ہاتھ سے باندھ دیتے، غلام کے ساتھ مل کر آٹا گوندھ دیتے۔ کوئی چیز مرمت طلب ہوتی تو اس کی مرمت کر دیتے۔ اگر کسی صحابیؓ کے شریک جہاد ہونے کی بنا پر گھر میں کوئی ذمہ دار فرد نہ ہوتا تو آپ ﷺ خود جا کر ان کے جانوروں کا دودھ دھو دیتے۔

آپ ﷺ کو کسی ادنیٰ سے ادنیٰ شخص کے کام کرنے میں بھی تامل نہیں ہوتا تھا مثلاً کسی بیوہ یا مسکین کے ساتھ مل کر ان کا کام کر دیتے۔ نیم دیوانی باندی آپ ﷺ کو کسی کام کے لیے بلانے آتی تو آپ ﷺ چل پڑتے اور فرماتے: "تو جس جگہ چاہے چل، میں تیرا کام کروں گا۔" بعض بدو آتے اور آپ ﷺ کو سب سے اپنے کام کے لیے لے جاتے ان کے بدوی لب و لہجہ کے باوجود آپ ﷺ کو ذرا ناگواری محسوس نہ ہوتی۔

جذبہ اخوت و ہمدردی

دوسروں کے لیے آپ ﷺ کے دل میں ہمیشہ ہمدردی اور مہربانی کے جذبات موجزن رہے۔ اس سلسلے میں آپ ﷺ کے نزدیک اپنے بیگانے، آزاد اور غلام کی کوئی تمیز نہ تھی۔ آپ ﷺ اکثر فرمایا کرتے تھے: "میرے سامنے دوسروں کی ایسی باتیں نہ کیا کرو جنہیں سن کر میرے دل میں ان کے متعلق کوئی کدورت پیدا ہو جائے کیوں کہ میں چاہتا ہوں کہ میں سب سے صاف دل کے ساتھ ملوں۔"

آپ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ اخلاق کی بلندی یہ نہیں کہ تم اس کے ساتھ نیکی کرو جو تمھارے ساتھ نیکی کرے اور اس کے ساتھ برائی کرو جو تمھارے ساتھ برائی کرے بلکہ صحیح اخلاق تو یہ ہے کہ ہر شخص سے نیک سلوک کرو خواہ وہ تم سے برے طریقے ہی سے پیش آئے یا تم پر زیادتی کرے۔ اسی بنا پر آپ ﷺ کے نزدیک نیکی کا مفہوم ہی حسن خلق یعنی دوسروں سے اچھا برتاؤ تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ایمان کی تکمیل اخلاق اور طرز معاشرت کی تکمیل کے بغیر نہیں ہو سکتی اور تم میں وہی [illegible] ہے جس کا اخلاق دوسروں سے اچھا ہو۔ آپ ﷺ کے نزدیک حسن [illegible] سے مراد چہرے کی بشاشت، اچھائی کا پھیلانا اور [illegible] سے تکلیف دہ امور کا دور کرنا [illegible] تھی۔ آپ ﷺ اس جذبے کو پورے معاشرے میں رواں دواں دیکھنا چاہتے تھے۔ ارشاد تھا: "تم اس وقت تک مسلمان نہیں ہو سکتے جب تک دوسروں کے لیے بھی وہی پسند نہ کرو جو خود اپنے لیے پسند کرتے ہو۔" ایک موقع پر فرمایا: "ایک دوسرے پر [illegible] نہ کرو، نہ ایک دوسرے سے روگردانی اختیار کرو اور [illegible] کے اخلاقی معاملات کی خواہ مخواہ ٹوہ لگاؤ اور اے اللہ کے بندو! سب بھائی بھائی بن جاؤ۔" یہی وجہ تھی کہ نہ صرف مسلمان بلکہ غیر مسلم بھی آپ ﷺ کے در دولت سے پوری طرح مستفید ہوتے رہے۔

> اگر کسی صحابیؓ کے شریک جہاد ہونے کی بنا پر گھر میں کوئی ذمہ دار فرد نہ ہوتا تو آپ ﷺ خود جا کر ان کے جانوروں کا دودھ دھو دیتے

دوسروں کے جذبات کا احترام

آپ ﷺ ہمیشہ دوسروں کے جذبات کا احترام فرماتے اور کبھی کسی پر زبردستی اپنی مرضی مسلط نہیں کرتے تھے۔ ایک مرتبہ کسی غزوے سے واپسی کے موقع پر جس ہودج میں حضرت عائشہؓ سوار تھیں، ہوا کی وجہ سے اس کا پردہ ذرا سا اٹھ گیا۔ آپ ﷺ نے دیکھا کہ حضرت عائشہؓ کے پاس گڑیاں ہیں اور ان میں ایک گھوڑا بھی ہے جس کے دو پر ہیں۔ پوچھا: "اے عائشہ یہ کیا ہے؟" کہا: "میرے کھلونے ہیں۔" فرمایا: "درمیان میں کیا ہے؟" کہا: "گھوڑا۔" فرمایا: "یہ اس پر کیا دکھائی دے رہا ہے؟" کہا: "یہ دو پر ہیں۔" آپ ﷺ نے تعجب ظاہر فرماتے ہوئے پوچھا: "گھوڑا اور اس کے دو پر؟" حضرت عائشہؓ نے فرمایا: "آپ ﷺ نے نہیں سنا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس جو گھوڑا تھا اس کے کئی پر تھے۔" یہ سن کر آپ ﷺ نے تبسم فرمایا۔ دوستوں اور ملنے جلنے والوں سے معاملات کرتے وقت بھی آپ ﷺ ان کے جذبات کا خیال رکھتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ ﷺ حضرت سعدؓ بن عبادہ (رئیس قبیلہ خزرج) کو [illegible] کے لیے تشریف لے گئے اور اپنے معمول کے مطابق تین مرتبہ جا کر بلند آواز سے سلام کیا اور واپس پلٹنے لگے۔ حضرت سعدؓ جو دانستہ پست آواز سے جواب دیتے جاتے تھے تاکہ آپ ﷺ کی یہ دعا زیادہ ہو، پیچھے گئے [illegible] کیا: "یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کیوں لوٹ رہے ہیں؟" فرمایا: "تم نے تینوں مرتبہ سلام کا جواب نہیں دیا تھا اس لیے میں بار بار آیا ہوں۔" حضرت سعدؓ نے کہا: "یا رسول اللہ ﷺ! میں اس لیے آہستہ جواب دے رہا تھا تاکہ آپ ﷺ ہمارے حق میں دعا دیں۔" آپ ﷺ نے یہ سنتے ہی فرمایا: "اے اللہ! سعدؓ بن عبادہ کے اہل و عیال پر اپنی رحمتیں اور برکتیں نازل فرما۔" واپسی پر انھوں نے سواری کے لیے آپ ﷺ کو گھوڑا پیش کیا اور خود پیدل چلنے لگے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: "یا تو تم بھی سوار ہو جاؤ یا پھر واپس پلٹ جاؤ۔" حضرت سعدؓ نے آپ ﷺ کے برابر بیٹھنا سوئے ادب خیال کیا اور واپس پلٹ گئے۔

آپ ﷺ اپنے جاں نثاروں کے جذبات کا احترام فرماتے تھے۔ ارشاد تھا: "میں نماز لمبی کرنا چاہتا ہوں مگر پیچھے سے مجھے کسی بچے کے رونے کی آواز سنائی دیتی ہے تو اس کی ماں کا خیال کر کے نماز مختصر کر دیتا ہوں۔" لوگوں کی مشقت اور تکلیف کا خیال کر کے آپ ﷺ نہایت مختصر وعظ فرماتے۔ جب کسی کو بطور حاکم مامور کر کے کسی جگہ بھیجتے تو فرماتے: "لوگوں کو خوشخبری دے کر اسلام سے مانوس کرنا اور انھیں (ڈرا دھمکا کر) متنفر نہ کرنا، ان کے لیے آسانی پیدا کرنا، مشکل نہیں۔"

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

citizen

Innovative | Durable | Comfortable

پلاسٹک فرنیچر انڈسٹری
میں Pioneer

جس کی جدت، پائیداری اور منفرد Design
آپ کے Life Style کو بنائیں دلکش اور آرام دہ،
Citizen کی مقبولیت کے پیش نظر بہت سے
اور نام بھی اس میدان میں آئے لیکن کوئی بھی
Citizen کے معیار اور مہارت کو نہ چھو پایا
کیونکہ Citizen نہ صرف اپنے معیار کو برقرار
رکھا ہے بلکہ تیزی سے مہارت کی بلندی کی
جانب گامزن ہے اور کیوں نہ ہو ہماری منزل آپ
کی زندگی کو آپ کی پسند کے مطابق بہتر
بنانا ہے۔

CITIZEN INTERNATIONAL PLASTIC INDUSTRIES (PVT) LTD.
UAN: 111-936-936

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 | PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

شیف ذاکر

عید مبارک

مینگو سالسہ

اجزاء

آم	:	1 عدد
ٹماٹر	:	1 عدد
ایوکاڈو	:	1 عدد
ہری مرچ	:	1 عدد
ہرا دھنیا (پتے)	:	½ کپ (پسا ہوا)
پیاز (باریک پسا ہوا)	:	½ کپ
لیموں کا رس	:	2 کھانے کے چمچ
نمک، کالی مرچ پاؤڈر	:	حسب ذائقہ

ترکیب

- آم، ٹماٹر، ایوکاڈو اور ہری مرچ چنکس میں کاٹ لیں۔
- باؤل میں تمام اجزا مکس کر کے اچھی طرح ہلائیں۔
- ٹھنڈا کر کے سرو کریں۔

اٹالین گرلڈ برگر

اجزاء

چکن سیخ	:	3-3 عدد
برگر بن	:	4 عدد
اولیو آئل	:	3 کھانے کے چمچ
پیاز (باریک سلائس)	:	2 کھانے کے چمچ
سرخ شملہ مرچ (باریک سلائس)	:	2 کھانے کے چمچ
ہری شملہ مرچ (باریک سلائس)	:	2 کھانے کے چمچ
ٹماٹر	:	1 عدد (گول سلائس)
سلاد پتے	:	3-4 عدد

ترکیب

- چکن سیخ کو موٹے سلائس میں کاٹ کر خوب دبائیں تاکہ پیلی کی طرح سیٹ ہو جائے۔ اب تھوڑے سے آئل سے برش کریں۔
- پھر دونوں سائیڈ سے 5 منٹ کے لیے گرل کر لیں۔
- ½ کھانے کے چمچ اولیو آئل میں پیاز اور شملہ مرچ سائے کر لیں۔
- برگر بن پر 1 کھانے کا چمچ اولیو آئل لگا کر 5 منٹ کے لیے گرل کر لیں۔
- ایک بن پر سلاد پتے رکھیں۔ اس پر ٹماٹر کے سلائس پھر چکن پیٹی رکھیں۔
- سائے ہوئی سبزیاں رکھ کر اوپر دوسرا بن رکھ دیں۔
- دوسرا برگر بھی اسی طرح تیار کر لیں۔
- فرنچ برگر سرو کریں۔

Digest.pk

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY
www.paksociety.com

WWW.PAKSOCIETY.COM

www.paksociety.com
www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

شیف ذاکر

جہانگیری مٹن بوٹی

عید مبارک

اجزاء

مٹن (سیرلوئن بوٹی) : ½ کلو

میری نیشن کے لیے

دہی : 1/3 کپ
سرکہ : 1 کھانے کا چمچ
سرخ مرچ پاؤڈر : 1 چائے کا چمچ
نمک : ½ چائے کا چمچ

مصالحے کے لیے

پیاز : 1 عدد (چوپا)
ٹماٹر : 1 عدد (چوپا)
ہری مرچ : 2-3 عدد (چوپا)
ادرک لہسن پیسٹ : 1 کھانے کا چمچ
ہرا دھنیا (چوپا) : 1 کھانے کا چمچ
گرم مصالحہ پاؤڈر : 1 چائے کا چمچ
ہلدی : ½ چائے کا چمچ
الائچی پاؤڈر : ½ چائے کا چمچ
زیرہ پاؤڈر : ½ چائے کا چمچ
سرخ مرچ (گلی ہوئی) : ½ چائے کا چمچ
نمک : حسب ذائقہ
آئل : حسب ضرورت

ترکیب

- مٹن میں میری نیشن کے اجزاء مکس کر کے دو گھنٹے کے لیے ریفریجریٹر میں رکھ دیں۔
- مصالحے کے لیے گرم آئل میں ادرک لہسن پیسٹ ساتھ کریں۔
- اب پیاز [illegible] کریں۔ پھر ٹماٹر ڈال کر گل جانے تک پکائیں۔
- باقی [illegible] اجزاء شامل کر [illegible] کہ آئل اوپر آ جائے۔
- اب [illegible] میری نیشن کیا ہوا [illegible] ڈال کر بھونیں۔
- [illegible]
- پھر [illegible] جک کر 2-1 گھنٹے تک پکائیں۔
- [illegible] چائے [illegible] سے اتار لیں۔
- نان [illegible] کے ساتھ سرو کریں۔

Digest

WWW.PAKSOCIETY.COM
RSPK.PAKSOCIETY.COM
ONLINE LIBRARY FOR PAKISTAN
PAKSOCIETY1 PAKSOCIETY

WWW.PAKSOCIETY.COM

Digest.pk
www.paksociety.com
WWW.PAKSOCIETY.COM
